# 12822 ـ کیا عضو تناسل کے حرکت میں آنے سے وضوء ٹوٹ جاتا ہے ؟

**سوال**

کیا عضو مخصوصہ میں اکڑاؤ پیدا ہونے سے وضوء ختم ہو جاتا ہے برائے مہربانی حدیث وغیرہ سے اس کی دلیل دیں ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

مستقل فتوی کمیٹی سے اس سوال کے متعلق دریافت کیا گیا تو کمیٹی کا جواب تھا:

" عضو تناسل میں انتشار پیدا ہو اور اس میں کچھ خارج نہ ہو تو وضوء نہیں ٹوٹتا، کیونکہ انتشار نواقض وضوء میں شامل نہیں " .